# ۳۔ گانا

**بچوں کا گیت**



## میری پیاری تتلی

آجا میری پیاری تتلی
آجا میری پیاری تتلی
میری تتلی رنگ رنگیلی
اجلی کالی نیلی پیلی
آنکھ رسیلی ہے شرمیلی
آن انوکھی شان نرالی
آجا میری پیاری تتلی
آجا میری پیاری تتلی
ڈالی ڈالی گھوم رہی ہے
پھولوں کے مکھ چوم رہی ہے
مست ہوا میں جھوم رہی ہے
پھولوں پر یہ گھوم رہی ہے
آجا میری پیاری تتلی
آجا میری پیاری تتلی
آم پہ کوئل کوک لگائے
بلبل گل کو راگ سنائے
اب ہے تیری باری تتلی
تو کیوں چپ ہے گا ری تتلی
آجا میری پیاری تتلی
آجا میری پیاری تتلی





## گروہی گیت/فطرت پر گیت

### ساتھی

اپنے آنسو پونچھ لے ساتھی رونے کا کچھ کام نہیں
دنیا میں وہ کون ہے جس کو کوئی غم و آلام نہیں

تیرے آنسو آنکھ سے بہہ کر مٹی میں مل جاتے ہیں
پلکوں کی شیتل چھاؤں میں یہ موتی کہلاتے ہیں
اپنے ہاتھوں آپ گنوانا یہ کوئی اچھا کام نہیں

پل دو پل کی چھاؤں ہے ساتھی پل دو پل کی دھوپ
کیا دُکھ ہے کیا سکھ ہے دیکھا دونوں کا اِک روپ
وقت کا ساگر بہتا جائے وقت کی صبح و شام نہیں

کون ہے اچھا کون برا ہے یہ کس نے پہچانا ہے
سب کو اپنا میت سمجھ کر سب سے پیار نبھانا ہے
کون سا وہ آغاز ہے جو دنیا میں خوش انجام نہیں

### فطرت کا سبق

یہ سورج چاند ستارے | یہ چکراتے سیّارے
یہ میلوں میل سمندر | اک دنیا اِس کے اندر
یہ آتے جاتے بادل | ہر سُو کھیتوں میں جل تھل
یہ چاندی جیسا پانی | سبزے کی رنگت دھانی
یہ تازہ خنک ہوائیں | خوشیوں کا سندیسا لائیں
یہ ڈھلتی دھوپ کی لالی | یہ شام شگوفوں والی

بچو ! تم بھی تو آؤ | فطرت کو دوست بناؤ
دریا سے روانی سیکھو | اس سے جَولانی سیکھو
سبزے سے لہکنا سیکھو | پھولوں سے مہکنا سیکھو
جگنو سے دمکنا سیکھو | تاروں سے چمکنا سیکھو
چڑیوں سے گانا سیکھو | بلبل سے ترانہ سیکھو
اُلفت کا قرینہ سیکھو | دُنیا میں جینا سیکھو

## لوک گیت

لوگوں کے دلوں میں خوشی، غم، نااُمیدی جیسی باتیں جب گیت کی شکل میں بتائی جاتی ہیں ایسے گانوں کو لوک گیت کہتے ہیں۔ لوک گیت کی کئی قسمیں ہیں۔ دیا ہوا لوک گیت شادی کے موقع کے لیے ہے۔

شہنائی سے گونج رہا ہے شادی کا پنڈال
باجی جائیں گی سسرال
دھوم دھڑاکا، ہنسی شرارت، آج کے دن کی ریت
اری سکینہ چپ چپ کیوں ہے چھیڑ خوشی کا گیت
چلی دُلھنیا اپنے گھر کو سدا رہے خوش حال
باجی جائیں گی سسرال
ہری چوڑیاں، سرخ دوپٹّہ، کاجل، گجرا، گہنا
پیاری باجی آج آپ کی سج دھج کا کیا کہنا
مہندی سے یہ گوری ہتھیلی رہے ہمیشہ لال
باجی جائیں گی سسرال
خوش رہنا سسرال میں باجی، اِٹھلانا، لہرانا
لیکن اتنی عرض ہے باجی، ہم کو بھوُل نہ جانا
ہم سے رشتہ قائم رکھنا، لِکھتی رہنا حال
باجی جائیں گی سسرال
گھوڑے اوُپر دولھا آیا، گورا گورا چہرا
گورے گورے سے چہرے پر چم چم کرتا سہرا
سر پر صافہ اور ہاتھ میں عِطر بھرا روُمال
باجی جائیں گی سسرال

**میری سرگرمی :**
تمام طلبہ ایک ساتھ مل کر کوئی لوک گیت پڑھیں۔

# سُرالنکار

'سا رے گَ مَ پَ دَھ نی' ان سات سُروں کے گروہ کو 'سپتک' کہتے ہیں۔ ایک سپتک میں سات اوسط سُر، چار نرم سُر اور ایک تیز سر اس طرح کل ملا کر ۱۲ سُر ہوتے ہیں۔

(۱) آروہ : سا گ رے ما گ پ م دھ پ نی دھ ساں


اوروہ : ساں دھ نی پ دھ ما پ گ م رے گ سا


(۲) آروہ : ساگریسا ریمگرے گپمگ مدھپم پنیدھپَ دھساںنیدھ نیرےساںنی سانگریں ساں

اوروہ : سانگریں ساں نیریساں نی دھساں نیدھ پنیدیھپَ مدھپم گپمگ ریمگرے ساگریسا

(۳) آروہ : سارےگسارےگم ریگمرےگمپَ گمپگمپدھ مپدھمپدھنی پدھنی پدھنی ساں

اوروہ : ساں نی دھساں نی دھپَ نیدھپنی دھپم دھپمدھپمگ پمگپمگرے مگرےمگریسا






**میری سرگرمی :** سُرالنکار لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

♦ سرالنکار کی مشق کروائیں۔ حسبِ ضرورت رہنمائی کریں۔ آروہ اور وہ سمجھائیں۔